شیطان کی حکمتِ عملی

(دنیاوی) مذاہب ایک شیطانی نظام ہے۔ ان مذاہب کا بنیادی اصول خدا کے کاموں کی نقل تیار کرنا ہے۔ مذاہب میں نو مختلف قسم کی بناوٹی نقول ہوتی ہیں:

الف۔ خوشخبری کے پیغام کی نقل ...... 2 کرنتھیوں 11:3،4۔

ب۔ بناوٹی یا نقلی خادم ...... 2 کرنتھیوں 11:13-15۔

ج۔ بناوٹی یا جھوٹی عقائدی تعلیمات ...... 2 تیمتھیس 4:1۔

د۔ شراکت کی بناوٹی میز ...... 1 کرنتھیوں 10:19-21۔

ہ۔ بناوٹی راستبازی ...... متی 16:19-28۔

و۔ بناوٹی طرزِ حیات ...... متی 23۔ (سفیدی پھری ہوئی قبریں)

ز۔ بناوٹی قدرت یا اختیار ...... 2 تھسلنیکیوں 2:8-10۔

ح۔ بناوٹی معبود ...... 2 تھسلنیکیوں 2:3،4۔

7۔ جھوٹے استاد اور جھوٹی تعلیم شیطان کی حکمتِ عملی کا حصہ ہے۔

الف۔ جھوٹے استادوں کے پاس ہمیشہ ایک نمائشی احاطہ ہوتا ہے ...... متی 7:15؛ رومیوں 16:18۔ یہ احاطہ اُس نمائشی عمارت کی طرح ہے جس سے لوگوں کو متاثر کیا جا سکے۔

ب۔ جھوٹے استاد ایمانداروں کی خوشامد کرتے ہیں ...... گلتیوں 4:17،18؛ 2 تیمتھیس 3:5-7۔

ج۔ جھوٹے استاد ہمیشہ انسانی تکبر کے مشتاق ہوتے ہیں ...... 2 کرنتھیوں 10:12۔

د۔ جھوٹے استاد بُت پرستی عام کرنا پسند کرتے ہیں کیونکہ یہ شیاطین کے قبضہ میں آ جانے کا آسان طریقہ ہے ...... حبقوق 2:18،19۔

ہ۔ جھوٹے استاد اکثر شریعت پرستی کو فروغ دیتے ہیں ...... 1 تیمتھیس 1:7،8۔

و۔ جب تک شیطانی حکمرانی کی یہ ظاہری دنیا موجود ہے جھوٹے استاد بھی موجود رہیں گے۔ 1 یوحنا 4:1